الانشقاق

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۱	جب آسمان پھٹ جائے گا۔
۲	اور اپنے پروردگار کا فرمان سن لے گا اور یہی اسکے لائق بھی ہے۔
۳	اور جب زمین ہموار کر دی جائے گی۔
۴	اور جو کچھ اس میں ہے وہ اسے نکال کر باہر ڈالدے گی اور بالکل خالی ہو جائے گی۔
۵	اور اپنے پروردگار کے ارشاد کی تعمیل کرے گی اور اسکو لازم بھی یہی ہے تو قیامت قائم ہو جائے گی۔
۶	اے انسان تو اپنے پروردگار کی طرف پہنچنے تک خوب تکلیف اٹھاتا ہے پھر تو اس سے جا ملے گا۔
۷	اب جس کا نامہ اعمال اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا۔
۸	اس سے حساب آسان لیا جائے گا۔
۹	اور وہ اپنے گھر والوں میں خوش خوش واپس آئے گا۔
۱۰	اور جس کا نامہ اعمال اسکی پیٹھ کے پیچھے سے دیا جائے گا۔
۱۱	تو وہ موت کو پکارے گا۔
۱۲	اور دوزخ میں داخل ہو گا۔
۱۳	وہ اپنے اہل و عیال ہی میں مگن رہتا تھا۔
۱۴	وہ تو خیال کرتا تھا کہ اللہ کی طرف لوٹ کر نہ جائے گا۔

کیوں نہیں اس کا پروردگار تو اس کو دیکھ رہا تھا۔	۱۵
سو میں شام کی سرخی کی قسم کھاتا ہوں۔	۱۶
اور رات کی اور جن چیزوں کو وہ اکٹھا کر لیتی ہے ان کی۔	۱۷
اور چاند کی جب وہ پورا ہو جائے۔	۱۸
کہ تم لوگ درجہ بدرجہ ضرور چڑھو گے۔	۱۹
تو ان لوگوں کو کیا ہوا ہے کہ یہ ایمان نہیں لاتے۔	۲۰
اور جب انکے سامنے قرآن پڑھا جاتا ہے تو سجدہ نہیں کرتے۔	۲۱
بلکہ کافر جھٹلائے جاتے ہیں۔	۲۲
اور اللہ ان باتوں کو جو یہ اپنے دلوں میں چھپاتے ہیں خوب جانتا ہے۔	۲۳
تو انکو دکھ دینے والے عذاب کی خبر سنا دو۔	۲۴
ہاں جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے لئے بے انتہا اجر ہے۔	۲۵